<u>کتابوں کی دنیا</u>

کچھ
''غبطة الناظر فی ترجمة الشیخ عبد القادر''
بارے

عبدالحق انصاری

امام الصوفیہ محی الدین شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے احوال ومناقب پر امیر المؤمنین فی الحدیث علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب ''غبطة الناظر فی ترجمة الشیخ عبد القادر'' تالیف کی، آئندہ صفحات پر اس کتاب کا پس منظر، پیش منظر اور اس پر کیے گئے ایک اعتراض کا جائزہ پیش ہے۔۔۔

نام کتاب: غبطة الناظر فی ترجمة الشیخ عبد القادر

تالیف: امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ

تحقیق: شیخ محمد سالم بواب

اشاعت: ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۱ء

صفحات: ۴۸

ناشر: دارالالباب، بیروت ودمشق

شیخ سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت شیخ سید عبدالقادر بن موسیٰ حسنی ۴۷۱ھ/۱۰۷۸ء کو علاقہ طبرستان کے مقام جیلان میں پیدا ہوئے اور ۴۸۸ھ کو بغداد پہنچے، تا آں کہ ۵۶۱ھ/۱۱۶۶ء کو وہیں وفات پائی، جہاں مزار و ملحق مسجد نیز کتب خانہ مشہور و مرجع خلائق ہیں[۱] عارف باللہ، ابو محمد، محدث، مفسر، فقیہ حنبلی، ادیب و شاعر، صاحب کرامات کثیرہ، محی الدین، غوث اعظم، پیر پیراں، صوفیِ اسلام کے سلسلۂ قادریہ کے سرتاج، آپ کی تصنیفات میں الغنیة لطالب طریق الحق، فتوح الغیب وغیرہ مطبوع و مقبول نیز اردو تراجم دست یاب ہیں۔ علاوہ ازیں اقوال و ملفوظات اور مواعظ بکثرت محفوظ ہیں[۲] آپ کے سلسلے سے وابستہ علماء و مشائخ نے اصلاح معاشرہ، فروغِ اسلام نیز خدمت خلق کے افعال میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں اور یہ سلسلہ جاری ہے[۳] آپ کے احوال و کرامات پر مختلف اسلامی زبانوں میں بکثرت کتب لکھی گئیں۔ حضر موت، یمن کے مشہور محقق عبداللہ بن محمد حبشی (پیدائش ۱۳۶۸ھ/۱۹۴۹ء) نے آپ بارے لکھی گئی بہتر سے زائد مستقل کتب کے نام جمع کیے[۴] جن میں سے تین قدیم ترین کتب یہ ہیں۔

○ بغداد کے شیخ ابو محمد عبد اللطیف بن احمد ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ جنہوں نے ۶۱۵ھ/۱۲۱۸ء کو سپین کے شہر اشبیلیہ میں وفات پائی، ان کی "نزهة الناظر فی مناقب الشیخ عبد القادر" جس کے قلمی نسخے

قرونطن یونی ورسٹی فاس نیز پبلک لائبریری جرمنی میں ہیں۔[۵]

- قاہرہ کے شیخ ابوالحسن نورالدین علی بن یوسف لخمی عطوفی رحمۃ اللہ علیہ کی ''بہجۃ الاسرار ومعدن الانوار'' جس کا مزید ذکر آگے آرہا ہے۔اور
- دمشق کے شیخ ابوالفتح قطب الدین موسیٰ بن محمد یونینی بعلبکی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۷۲۶ھ/۱۳۲۶ء) کی ''الشرف الباھر فی مناقب الشیخ عبد القادر الجیلانی''[۶] جس کا قلمی نسخہ دارالکتب مصریہ قاہرہ میں بنام ''مناقب الشیخ عبد القادر الجیلانی'' زیر نمبر ۱۲، تاریخ حلیم ۱۰۹ اوراق پر مشتمل محفوظ ہے۔[۷]

بهجة الاسرار اور اس کے مصنف

شیخ علی بن یوسف لخمی عطوفی ۶۴۴ھ/ ۱۲۳۶ء کو قاہرہ میں پیدا ہوئے اور ۷۱۳ھ/۱۳۱۴ء کو وہیں وفات پائی۔ ابوالحسن، نورالدین، فقیہ شافعی، مدرس تفسیر، نحوی، جامعہ ازہر سے وابستہ، شیخ القراء مصر، صوفی، دو تصنیفات ہیں، جن میں بہجۃ الاسرار آپ کی پہچان بنی[۸] اور روز اول سے مصنفین واہل ذوق کے ہاں مقبول ہوئی لہٰذا مختلف ادوار میں متعدد قلمی نسخے تیار کیے گئے، جیسا کہ مکتبہ حرم مکی میں محفوظ قلمی نسخہ کا سنہ کتابت ۸۲۰ھ ہے[۹] اور یہ ۱۳۰۱ھ نیز ۱۳۰۴ھ کو قاہرہ جب کہ ۱۳۰۲ھ کو تیونس نیز ۱۳۳۳ھ کو لاہور سے چھپی تھی۔ اب ۲۰۰۲ء کو دارالکتب العلمیہ بیروت نے شائع کی نیز قاہرہ کی مطبوعہ دستیاب ہے۔

شیخ سلیمان حسنی برادہ مشکوی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۱۳۲۷ھ/۱۹۰۹ء) نے بہجۃ الاسرار کا ترکی زبان میں ترجمہ کیا جو ''مرقاۃ مراتب العلم اللدنی'' نام سے ۱۳۰۰ھ کو استنبول سے چھپا۔

معلوم رہے بہجۃ الاسرار نام سے عربی میں متعدد کتب مختلف اوقات میں تصنیف کی گئیں جن میں سے چار کے کوائف یہ ہیں:

- شیخ ابی الحسین علی بن حسین حمویہ بن زید (وفات ۳۸۳ھ/۹۹۳ء) کی ''بہجۃ الاسرار فی التصوف''۔[۱۰]
- شیخ ابوالحسن نورالدین علی بن عبداللہ ابن جہضم ہمدانی شافعی (وفات ۴۱۴ھ/۱۰۲۳ء) کی ''بہجۃ الاسرار فی اخبار الصوفیۃ''۔[۱۱]
- شیخ ابوالحسن نورالدین علی بن یوسف لخمی عطوفی شافعی (وفات ۷۱۳ھ/۱۳۱۴ء) کی

''بهجة الاسرار و معدن الانوار ، فی مناقب السادة الاخیار من المشائخ الابرار''

- شیخ رضی اللہ صدیق عربی کی ''بهجة الاسرار و معدن الانوار فی فضل ذکر اللّٰه تعالیٰ اثناء اللیل و اطراف النهار'' ۔[۱۲]

اور عجب اتفاق یہ ہے کہ ان میں تین بهجة الاسرار مصنفین کے نام ''علی'' ، نیز تینوں کی موضوعات بھی تصوف وصوفیہ ہیں۔ اس گہری مشابہت کی وجہ سے بعض تذکرہ نویسوں نے بهجة الاسرار کے دو مصنفین شیخ علی بن عبداللہ ابن جہضم ہمدانی اور شیخ علی بن یوسف شطنوفی کے حالات گڈمڈ کر کے انہیں ایک ہی شخصیت خیال کیا۔[۱۳]

بهجة الاسرار کے معترضین

- مصر کے شیخ ابوالفضل کمال الدین جعفر بن تغلب اُدفُوی (وفات ۷۴۸ھ/۱۳۴۷ء) نے البدر السافر میں بهجة الاسرار کے مندرجات کے خلاف رائے دی، البدر السافر تاحال شائع نہیں ہوئی[۱۴] جب کہ اس کی عبارت علامہ ابن حجر عسقلانی نے ''الدرر الكامنة'' میں نقل کی[۱۵] جس کا مزید ذکر آگے آ رہا ہے۔
- ملک شام کے شہر حلب کے نزدیک مقام معرة النعمان کے شیخ ابوحفص زین الدین عمر بن مظفر ابن الوردی (وفات ۷۴۹ھ/۱۳۴۹ء) نے[۱۶] ''تاریخ ابن الوردی'' میں رائے دی۔[۱۷]
- دمشق کے مشہور مفسر ومؤرخ شیخ ابوالفداء عمادالدین اسماعیل بن عمر ابن کثیر (وفات ۷۷۴ھ/۱۳۷۳ء) نے ''البداية و النهاية'' میں[۱۸] بهجة الاسرار کا نام لیے بغیر لکھا کہ شیخ عبدالقادر جیلانی کے احوال پر مبنی تحریریں غلو کے درجے میں ہیں، اسی پر بس نہیں، غنية الطالبين و فتوح الغيب کے نام درج کر کے ان کے مندرجات پر بھی اعتراض کیا۔[۱۹]
- دمشق کے ہی مشہور عالم شیخ ابوالفرج زین الدین عبدالرحمٰن بن احمد ابن رجب حنبلی (وفات ۷۹۵ھ/۱۳۹۳ء) نے ''الذیل علی طبقات الحنابلة'' میں[۲۰] شدید الفاظ میں رائے درج کی۔[۲۱]
- دورِ حاضر میں سعودی عرب کے باشندے ڈاکٹر سعید بن مسفر قحطانی نے اپنے مقالہ برائے پی ایچ ڈی میں بهجة الاسرار بارے منفی رائے دی۔[۲۲]
- اور سعودی باشندے واہم قلم کار ڈاکٹر عبدالرحمٰن بن عثیمین نے ''الذیل علی طبقات

الحنابلة'' پر تحقیق وحواشی کے دوران انہی خیالات کا اظہار کیا۔[۴۳]

شیخ ابوالحسن نورالدین شطنوفی کی بهجة الاسرار کے معترضین عام طور پر شیخ احمد بن عبدالحلیم ابن تیمیہ (وفات ۷۲۸ھ/ ۱۳۲۸ء) کے متبعین ومقلدین یعنی تصوف اسلامی وصوفیہ کے منکرین و مخالفین میں سے ہیں اور ان کی یہ رائے محض بهجة الاسرار تک ہی محدود نہیں بلکہ اپنے افکار و نظریات کا اظہار اور سواد اعظم کے معتقدات کا عمومی انکار ہیں۔

بهجة الاسرار اور سواد اعظم

○ شیخ عمر بن علی انصاری المعروف بابن ملقن ﷫ ۷۲۳ھ/ ۱۳۲۳ء کو قاہرہ میں پیدا ہوئے اور ۸۰۴ھ/ ۱۴۰۱ء کو وہیں وفات پائی۔ ابوحفص، سراج الدین، صوفی، استاذ المحدثین، فقیہ شافعی، مورخ، تین سو کے قریب تصنیفات ہیں[۴۴] جن میں "التوضیح لشرح الجامع الصحیح" انتہائی اہم، جو اسلامی صدیوں میں لکھی گئی صحیح بخاری کی سب سے ضخیم شرح ہے، جس کے متفرق اجزاء پر ام القری یونی ورسٹی مکہ مکرمہ کے متعدد طلباء نے تحقیق انجام دے کر اعلیٰ علمی اسناد حاصل کیں۔

اب شیخ خالد بن محمود الرباط اور شیخ جمعہ فتحی کی نگرانی میں اس شرح پر محققین کی جماعت نے تحقیق انجام دی اور ۲۰۰۸ء میں وزارت اوقاف قطر نے ۳۶ جلدوں میں شائع کی۔ التوضیح لشرح الجامع الصحیح کی اس اشاعت کی پہلی جلد ۳۴۳ صفحات کی اور مقدمہ ہے، جسے شیخ خالد الرباط نے بڑی محنت سے قلم بند کیا اور صفحہ ۱۹۵ سے آخر تک امام ابن ملقن کے مفصل حالات پیش کیے ہیں۔

امام ابن ملقن نے نہ صرف خود صحیح بخاری کی ضخیم ترین شرح لکھی بلکہ ان کے متعدد شاگرد بھی اکابر ائمہ ومحدثین میں شمار ہوئے اور انہوں نے بھی کتب حدیث کی شروح لکھیں، جن میں امام ابن حجر عسقلانی شامل ہیں۔ ابن ملقن کی دیگر تصنیفات میں "طبقات الاولیاء" اہم، جس میں دوسری صدی ہجری کے وسط سے اپنے زمانہ تک کے صوفیہ کے احوال پیش کیے، جو شیخ نورالدین محمد بن سید شریبہ ازہری ﷫ کی تحقیق سے شائع ہوئی[۴۵] شیخ ابن ملقن نے طبقات الاولیاء میں شیخ سید عبدالقادر جیلانی کے حالات بھی پیش کیے، جہاں اس موضوع پر اپنی مستقل کتاب کا ذکر کیا۔[۴۶]

اور امام ابن ملقن کے شاگردوں کے شاگرد، مشہور محدث ومورخ ایک سو کے قریب کتب

کے مصنف، صاحب القول البدیع، شمس الدین محمد بن عبد الرحمٰن سخاوی رحمۃ اللہ علیہ جو ۸۳۱ھ / ۱۴۲۷ء کو قاہرہ میں پیدا ہوئے اور ۹۰۲ھ / ۱۴۹۷ء کو مدینہ منورہ میں وفات پائی[۲۷] علامہ سخاوی نے بتایا کہ ابن ملقن کی یہ کتاب ''بهجة الاسرار'' کی تلخیص ہے۔[۲۸]

استاذ المحدثین علامہ ابن ملقن کی اس تالیف کے قلمی نسخے بنام ''درر الجواهر فی مناقب الشیخ عبد القادر'' دار الکتب ظاہریہ دمشق میں زیر نمبر ۴۳۲۶ عام، اور مکتبہ اوقاف بغداد میں زیر نمبر ۱۰۰۵۸ ضمن طبقات الاولیاء، نیز ترکی میں محفوظ ہیں۔[۲۹]

○ شیخ محمد بن محمد ابن الجزری رحمۃ اللہ علیہ ۷۵۱ھ / ۱۳۵۰ء کو دمشق میں پیدا ہوئے اور ۸۳۳ھ / ۱۴۲۹ء کو شیراز میں وفات پائی۔ ابو الخیر، شمس الدین، محدث، قاضی، شیخ الاقراء فی زمانہ، کثیر التصانیف، جن میں الحصن الحصین، غاية النهاية في طبقات القراء، المقدمه الجزرية، نهاية الدرايات في اسماء رجال القراآت، جیسی مشہور کتب شامل ہیں۔[۳۰]

بهجة الاسرار اور اس کے مصنف سے امام جزری کے تعلق و اتصال کو فقیہ ہند مولانا احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یوں بیان کیا:

''امام اجل شمس الدین ابن الجزری رحمۃ اللہ علیہ کہ اجلہ محدثین و علمائے قراءت سے ہیں، جن کی حصن حصین مشہور و معروف و یاردہ اعصار ہے، اس جناب کے سلسلہ تلامذہ میں ہیں، انہوں نے یہ کتاب بهجة الاسرار شریف اپنے شیخ سے پڑھی اور اس کی سند و اجازت حاصل کی۔ اپنے رسالہ طبقات القراء میں فرماتے ہیں، میں نے یہ کتاب بهجة الاسرار مصر میں خزانہ شاہی سے حاصل کر کے شیخ عبد القادر سے کہ اکابر مشائخ مصر سے تھے، پڑھی اور انہوں نے مجھے اس کی روایت کی اجازت دی'' ---[۳۱]

دوسرے مقام پر فاضل بریلوی نے امام جزری کا قول ''نهاية الدرايات في اسماء رجال القراآت'' کے حوالے سے لکھا، جس میں ہے:

''ہمارے استاذ حافظ الحدیث محی الدین عبد القادر حنفی وغیرہ استاذوں نے ہمیں اس کتاب (بهجة الاسرار) کی روایات کی خبر و مضامین کی اجازت دی'' ---[۳۲]

○ امام المحدثین علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۸۵۲ھ / ۱۴۴۹ء) نے بهجة الاسرار کو مختصر کر کے ''غبطة الناظر في ترجمة الشيخ عبد القادر'' نام دیا، جو ہماری اس تحریر کا

بنیادی موضوع اور تفصیل آگے آرہی ہے۔

- شیخ عبد الرحمٰن بن محمد علیمی مکی رحمۃ اللہ علیہ ۸۶۰ھ/۱۴۵۶ء کو القدس شریف میں پیدا ہوئے اور ۹۲۸ھ/۱۵۲۲ء کو وہیں وفات پائی۔ ابو الیمن، مجیر الدین، مفسر، مورخ، حنبلی عالم، صوفی، قاضی قضاۃ القدس، چند تصنیفات میں قرآن مجید کی تفسیر کے علاوہ حنبلی علماء کے حالات پر کتاب "المنهج الاحمد فی تراجم اصحاب الامام احمد" بھی [۳۳] جو شیخ عبد القادر ارناؤوط (وفات ۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء) اور شیخ محی الدین نجیب وغیرہ کی مشترکہ تحقیق و فہارس کے ساتھ ۱۹۹۷ء کو چھ ضخیم جلدوں کے ۲۲۷۰ صفحات پر شائع ہوئی۔

حضرت شیخ سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات المنهج الاحمد کے بتیس صفحات پر مع حواشی محقق درج ہیں [۳۴] اور محقق کتاب شیخ محی الدین نجیب نے آغاز میں بتایا کہ یہ "بهجة الاسرار" سے ماخوذ ہیں۔

علاوہ ازیں شیخ عبد الرحمٰن علیمی نے اپنا قادری شجرہ طریقت بھی شامل کیا، جو محض ایک واسطہ بعد امام شمس الدین جزری سے متصل ہے۔[۳۵]

- شیخ عمر بن عبد الوھاب عرضی رحمۃ اللہ علیہ ۹۵۰ھ/۱۵۴۳ء کو شام کے شہر حلب میں پیدا ہوئے اور ۱۰۲۴ھ/۱۶۱۵ء کو وہیں وفات پائی۔ محدث، فقیہ شافعی، صوفی، مفتی اعظم حلب، چند تصنیفات میں کتاب الشفاء اور الرسالة القشیریة کی شروح شامل ہیں [۳۶]

بهجة الاسرار بارے ان کے الفاظ یہ ہیں:

> "بے شک میں نے اس کتاب بهجة الاسرار شریف کو اوّل تا آخر جانچا، تو اس میں کوئی روایت ایسی نہ پائی جسے اور معتمد اصحاب نے روایت نہ کیا ہو.........." --- [۳۷]

- شیخ سید محمد امین بن احمد کیلانی رحمۃ اللہ علیہ جو تیونس کے مقام منزل بورقبہ کے باشندہ، فقیہ، صوفی شاعر تھے اور ۱۲۷۴ھ/۱۸۵۷ء کو وفات پائی۔ انہوں نے بهجة الاسرار کو مختصر کیا پھر اضافات کیے اور جدید طرز پر آٹھ گلدستوں و خاتمہ پر مرتب کیا، جو "ریاض البساتین فی اخبار الشیخ عبد القادر الجیلی محی الدین" نام سے تیونس کے سرکاری مطبع سے ۱۳۰۴ھ/۱۸۸۷ء کو چھپی۔ [۳۸]

- شیخ سید محمد مکی بن مصطفیٰ ابن عزوز رحمۃ اللہ علیہ ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۴ء کو تیونس کے مقام نفطہ میں

پیدا ہوئے اور ۱۳۳۴ھ/ ۱۹۱۶ء کو عثمانی دارالخلافہ استنبول میں وفات پائی۔ محدث، فقیہ مالکی، قاضی، مدرس حدیث، کثیر التصانیف، صوفی، ایک تصنیف: "السیف الربانی فی عنق المعترض علی الغوث الجیلانی" نام کی ہے[۳۹] جو تیونس وغیرہ سے چھپی اور ۲۰۰۰ء کو لاہور سے ۲۳۹ صفحات پر شائع ہوئی، جس کے ایک باب میں بہجۃ الاسرار پر کیے گئے اعتراضات کا رد و ازالہ کیا گیا ہے[۴۰] اس کتاب پر پینتالیس اکابر علماء کرام نے تقاریظ لکھیں، جن میں سے ایک شیخ احمد عرف حمیدہ بن محمد خوجہ حنفی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۶ء) تقریظ لکھتے وقت تیونس میں اعلیٰ ترین دینی منصب "شیخ الاسلام" پر تعینات تھے[۴۱] ایک اور مقرظ شیخ سید محمد خضر بن حسین رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۱۳۷۷ھ/ ۱۹۵۸ء) بعد ازاں "شیخ الازہر" کے منصب رفیع پر فائز رہے۔[۴۲]

لاہور کے پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی ازہری مدظلہ (پیدائش ۱۳۸۶ھ/ ۱۹۶۶ء) نے السیف الربانی کا اردو ترجمہ کیا، جو زیر طبع ہے۔

- شیخ عبد الحق بن سیف الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ۹۵۸ھ/ ۱۵۵۱ء کو دہلی میں پیدا ہوئے اور ۱۰۵۲ھ/ ۱۶۴۲ء کو وہیں وفات پائی۔ ابو المجد، محدث ہند، مورخ، محقق، فقیہ حنفی، صوفی، کثیر التصانیف، مشکوٰۃ المصابیح کے شارح۔ آپ نے بہجۃ الاسرار کے انتخاب کا فارسی میں ترجمہ کیا جو "زبدۃ الآثار" نام سے ۱۳۰۲ھ کو بمبئی سے شائع ہوا۔[۴۳]
- مولانا محمد حبیب اللہ رحمۃ اللہ علیہ جہانگیر آباد میں پیدا ہوئے اور دہلی میں زندگی بسر کی، انہوں نے بہجۃ الاسرار کا فارسی میں ترجمہ کیا، پھر "کشف الآثار" نام سے ۱۱۳۳ھ/ ۱۷۲۰ء کو اس کی شرح مکمل کی، جس کا قلمی نسخہ گنج بخش لائبریری اسلام آباد میں زیر نمبر ۱۵۵۱ محفوظ اور ۵۲۵ صفحات پر مشتمل ہے۔[۴۴]
- مولانا احمد رضا بن نقی علی خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ ۱۲۷۲ھ/ ۱۸۵۶ء کو بریلی ہندوستان میں پیدا ہوئے اور وہیں ۱۳۴۰ھ/ ۱۹۲۱ء کو وفات پائی۔ عبد المصطفیٰ، فقیہ حنفی، محدث، محقق، نعت گو شاعر، صوفی، کثیر التصانیف، صاحب فتاویٰ رضویہ۔ آپ نے بہجۃ الاسرار پر حاشیہ لکھا، جو غیر مطبوع ہے۔[۴۵]

اور بہجۃ الاسرار بارے فاضل بریلوی کے الفاظ یہ ہیں:

"امام ابو الحسن علی نور الدین مصنف کتاب مستطاب بهجة الاسرار، امام اجل، امام یکتا، محقق بارع، فقیہ، شیخ القراء، منجملہ مشاہیر مشائخ و علماء ہیں۔ اور یہ کتاب مستطاب، معتبر و معتمد، کہ اکابر ائمہ نے اس سے استناد کیا، اور کتب حدیث کی طرح اس کی اجازتیں لیں دیں.........." --- [۳۶]

فاضل بریلوی نے دوسرے مقام پر مصنف بارے مزید لکھا:

"امام ابو الحسن نور الدین علی، مصنف بهجة الاسرار شریف، اعاظم علماء و ائمہ قراءت و اکابر اولیاء سادات طریقت سے ہیں۔ حضور غوث الثقلین رضی اللہ عنہ تک صرف دو واسطے رکھتے ہیں، امام اجل حضرت ابو صالح قدس سرہ سے فیض حاصل کیا، انہوں نے اپنے والد ماجد حضرت ابو بکر تاج الدین عبد الرزاق نور اللہ مرقدہ سے، انہوں نے اپنے والد ماجد حضور پر نور سید السادات غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے" --- [۳۷]

- مولانا سید احمد علی شاہ بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ جو شرقی پنجاب کے ضلع گورداسپور کے مقام کالا افغاناں بٹالہ میں پیدا ہوئے اور ۱۳۵۵ھ/ ۱۹۳۶ء کو لاہور میں وفات پائی، جہاں میانی قبرستان میں قبر ہے۔ حنفی عالم، حافظ، شاعر، مناظر، شیخ الحدیث مدرسہ غوثیہ لاہور، اسلامیہ کالج لاہور کے پروفیسر، شاہی مسجد لاہور کے خطیب، متعدد تصنیفات ہیں۔ آپ نے بهجة الاسرار کا "زبدة الاسرار" نام سے ۱۳۳۰ھ/ ۱۹۱۲ء کو اردو ترجمہ کیا جو ۱۳۴۳ھ/ ۱۹۲۳ء کو عربی متن کے ساتھ یکجا لاہور سے شائع ہوا[۳۸] اب فقط ترجمہ کی کتابت کے ساتھ پروگریسو بکس لاہور نے پہلی مرتبہ ۱۴۱۵ھ/ ۱۹۹۵ء کو شائع کیا، جو سات سو صفحات پر مشتمل اور ابتدائی سات صفحات پر اشرف قادری کا قلم بند کردہ پیش لفظ شامل ہے۔
- مولانا اقبال احمد پیرزادہ بن انور فاروقی رحمۃ اللہ علیہ جو ۱۳۴۶ھ/ ۱۹۲۸ء کو پاکستان کے صوبہ پنجاب کے ضلع گجرات کے گاؤں شہابدیوال میں پیدا ہوئے۔ حنفی عالم، ادیب، صحافی، خطیب، کاتب، ایم اے فارسی، مکتبہ نبویہ لاہور کے سرپرست اعلیٰ، ماہنامہ "جہان رضا" لاہور کے ایڈیٹر، متعدد تصنیفات ہیں۔

شاہ عبد الحق محدث دہلوی نے بهجة الاسرار کے انتخاب کا فارسی میں ترجمہ زبدة الآثار نام سے کیا تھا۔ علامہ پیرزادہ اقبال احمد فاروقی نے زبدة الآثار کا اردو ترجمہ کیا، جو مکتبہ نبویہ نے

۱۳۹۵ھ/۱۹۷۵ء کو پہلی بار ۱۲۸ صفحات پر شائع کیا[۴۹] قبل ازیں ایک اور اردو ترجمہ "کحل الابصار" نام سے شائع ہوا تھا۔[۵۰]

○ مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ میں شعبہ تاریخ کے استاذ و ندوۃ المصنفین کے اعزازی رکن، پروفیسر خلیق احمد نظامی رقم طراز ہیں:

"بہجۃ الاسرار، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے حالات میں نہایت قدیم اور مستند کتاب ہے۔ شیخ نورالدین اور حضرت غوث الاعظم کے درمیان فقط دو واسطے ہیں، اس بنا پر اس کتاب کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ شیخ نورالدین جید عالم تھے"---[۵۱]

امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ احمد بن علی ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ ۷۷۳ھ/۱۳۷۲ء کو قاہرہ میں پیدا ہوئے اور ۸۵۲ھ/۱۴۴۹ء کو وہیں وفات پائی۔ ابوالفضل، شہاب الدین، محدث، مسند، اسماء الرجال کے ماہر، ادیب و شاعر، مورخ، شیخ الاسلام، امیر المومنین فی الحدیث، دو سو پچاس کے قریب تصنیفات ہیں۔ جن میں فتح الباری فی شرح صحیح البخاری، بلوغ المرام من ادلۃ الاحکام، تہذیب التہذیب، الاصابۃ فی تمییز اسماء الصحابۃ، لسان المیزان، نخبۃ الفکر وغیرہ مشہور و متداول کتب ہیں۔ آخرالذکر عرب و عجم کے دینی مدارس کے نصاب میں شامل ہے۔[۵۲]

دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور، اوکاڑا کے سرپرست مفتی محمد محب اللہ نوری قادری مدظلہ (پیدائش ۱۳۷۷ھ/۱۹۵۸ء) ۱۹۹۸ء کو ابن حجر عسقلانی کے مزار پر حاضر ہوئے، پھر وہاں کے احوال اپنے سفرنامہ میں درج کیے۔[۵۳]

یاد رہے "ابن حجر" لقب کے ایک اور جلیل القدر امام بھی تاریخ اسلام کا اہم نام ہیں، یعنی شیخ احمد بن محمد ابن حجر ہیتمی سعدی انصاری رحمۃ اللہ علیہ، جو ۹۰۹ھ/۱۵۰۴ء کو مصر کے مقام ابی الہیتم میں پیدا ہوئے اور مکہ مکرمہ ہجرت کی، جہاں ۹۷۴ھ/۱۵۶۷ء کو وفات پائی۔ ابوالعباس، شہاب الدین، فقیہ شافعی، محدث، مورخ، مسند، شیخ الاسلام، کثیر التصانیف، جن میں الجوھر المنظم فی زیارۃ القبر المعظم المکرم، شرح مشکاۃ المصابیح، تحفۃ المحتاج لشرح المنہاج، فتاویٰ الحدیثیۃ، المنح المکیۃ فی شرح ھمزیۃ البوصیری، الخیرات الحسان فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ النعمان مشہور کتب ہیں[۵۴] ایک اور اہم تصنیف اشرف الوسائل الی فہم

الشمائل ہے، جس پر پنجاب یونی ورسٹی لاہور کے پروفیسر ڈاکٹر خالق داد نے تحقیق انجام دے کر پی ایچ ڈی کی۔

ابن حجر لقب کے ان دونوں ائمہ کا نام احمد نیز مصر کے باشندہ تھے اور متعدد اوصاف وکمالات میں یکسانیت تھی۔ دونوں ہی فقیہ شافعی، محدث، مسند، مورخ، صوفی، شیخ الاسلام اور کثیر التصانیف تھے۔ ان میں سے ایک ابن حجر عسقلانی اور دوسرے ابن حجر ہیتمی کے مختصر نام ولقب سے جانے جاتے ہیں۔

بهجة الاسرار اور امام ابن حجر عسقلانی

ابن حجر عسقلانی کی دیگر مقبول تصنیفات میں آٹھویں صدی ہجری کے مشاہیر اسلام کے احوال پر "الدرر الكامنة فی اعیان المائة الثامنة" ہے، جو حیدرآباد دکن، پھر عرب دنیا سے شائع ہوئی۔ اس میں شیخ ابو الحسن نور الدین شطنوفی کے مختصر حالات بھی درج ہیں [۵۵] یہاں ابن حجر عسقلانی نے بهجة الاسرار کی مخالفت میں شیخ کمال الدین ادفوی کی عبارت نقل کی، جسے آج مخالفین اہتمام سے پیش کرتے ہیں [۵۶] جب کہ امام ابن حجر عسقلانی نے اسی مقام پر بهجة الاسرار کے مصنف کے علم وفضل، تقویٰ و پرہیز گاری اور نیک سیرت بارے اعلیٰ الفاظ لکھے، لیکن مخالفین انہیں نقل وبیان کرنے سے گریزاں ہیں، الفاظ یہ ہیں:

و كان عالما مشكور السيرة---

اسی پر بس نہیں، ابن حجر عسقلانی نے خود "بهجة الاسرار" کا اختصار تیار کیا، جو "غبطة الناظر فی ترجمة الشیخ عبد القادر" نام سے ہمارے سامنے ہے۔

غبطة الناظر کے معترضين

بهجة الاسرار کی طرح ایک طبقہ غبطة الناظر پر بھی معترض ہے، تین مثالیں ملاحظہ ہوں:

- دمشق کے عیسائی قلم کار یوسف بن الیان سرکیس (وفات ۱۳۵۱ھ/۱۹۳۲ء) [۵۷] نے لکھا، غبطة الناظر نامی مطبوعہ کتاب غلط طور پر ابن حجر سے منسوب ہے۔ [۵۸]
- پاکستان کے پروفیسر ڈاکٹر سفیر اختر راہی (پیدائش ۱۳۴۶ھ/۱۹۲۷ء) کے الفاظ یہ ہیں:

"ابن حجر عسقلانی کی طرف بعض ایسی کتابیں بھی منسوب ہوگئی ہیں جو اہل تحقیق کی نگاہ میں ان کی کاوش قرار نہیں دی جاسکتیں، مثلاً .... غبطة الناظر فی ترجمة الشیخ عبد القادر"---[۵۹]

○ پاکستان کے ہی ڈاکٹر احمد خاں (پیدائش ۱۳۵۴ھ/۱۹۳۵ء) نے لکھا ہے، غبطة الناظر ابن حجر عسقلانی سے منسوب کردی گئی، جب کہ یہ ان کی کاوش نہیں۔ [۶۰]

غبطة الناظر پر اس اعتراض کی ابتدا یوں ہوئی کہ یہ پہلی بار مستشرق پروفیسر ایڈورڈ ڈینس راس کی تصحیح و مقدمہ کے ساتھ شائع ہوئی تھی، جنہوں نے مقدمہ میں حسب ذیل دو باتیں لکھیں:

پہلی

"احتمال ہے کہ مصنف ابن حجر عسقلانی ہوں، لیکن ابن حجر عسقلانی کی مشہور اور کثیر تصنیفات میں، میں نے اسے نہیں پایا"---

دوسری

"اس بے مثال کتاب کا کوئی اور نسخہ اس زمانہ میں نہیں پایا"---[۶۱]

پروفیسر ایڈورڈ ڈینس راس Edward Dennison Ross (۱۲۸۸ھ-۱۳۵۹ھ/ ۱۸۷۱ء-۱۹۴۰ء) برطانوی باشندہ اور ۱۹۰۱ء کو مدرسہ عالیہ کلکتہ کے پرنسپل تعینات کیے گئے۔ وہ ۴۹ زبانیں پڑھ سکتے تھے، جن میں سے ۳۰ زبانیں بولنے پر قدرت حاصل تھی، نیز ہندوستان کی تاریخ پر کام کیا۔ گویا ماہر لغات اور مورخ ہند تھے۔ انھیں فارسی سے گہرا شغف تھا، جب کہ عربی میں کوئی بڑا تحقیقی کام انجام نہیں دیا، لہٰذا عرب محققین و قارئین کے ہاں ان کی شخصیت غیر معروف و غیر اہم ہے۔ چناں چہ مصر کے ڈاکٹر عبدالرحمن بدوی نے مستشرقین کے احوال و آثار پر "موسوعة المستشرقين" لکھی جو ۱۴۱۳ھ/۱۹۹۳ء کو دار العلم للملايين بيروت نے ۶۲۰ صفحات پر شائع کی اور دمشق کے مشہور سوانح نگار خیر الدین بن محمود زرکلی نے "الاعلام" اور دمشق کے ہی عمر رضا کحالہ نے اپنی شہرہ آفاق کتاب "معجم المؤلفين" میں مشہور و اہم مستشرقین کے حالات شامل کیے اور یہ تینوں کتب پروفیسر ایڈورڈ کے تذکرہ سے خالی ہیں۔

آج بھی ان کے حالات کے لیے یورپی مصنفین کی انگریزی تحریروں کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے، جو انٹرنیٹ پر بھی موجود ہیں۔

الغرض پروفیسر موصوف نے لکھا تھا کہ ابن حجر عسقلانی کی تصنیفات کے تذکرہ نویسوں کے ہاں غبطة الناظر کا ذکر نہیں ملتا اور اس کے مزید قلمی نسخے بھی نہیں۔ انہوں نے اپنی معلومات کی روشنی میں محض یہ باتیں لکھیں اور غبطة الناظر کا آپ کی تصنیف ہونے کا انکار نہیں کیا، بلکہ

اس کی اشاعت کا اہتمام کیا۔ لیکن آگے چل کر عیسائی مورخ یوسف سرکیس اور پھر پاکستان میں منکرین صوفیہ طبقہ سے تعلق رکھنے والے مصنفین نے اسے ابن حجر کی تصنیف ماننے سے کلی انکار کر دیا۔

آئندہ صفحات پر آپ ملاحظہ کریں گے کہ اس کتاب کا نہ صرف متقدمین نے علامہ ابن حجر عسقلانی کے حوالے سے ذکر کیا، بلکہ اس کے مزید قلمی نسخے بھی محفوظ ہیں۔

غبطۃ الناظر اور امام ابن حجر عسقلانی

امام ابن ملقن سے علامہ ابن حجر عسقلانی نے بعض کتب پڑھیں، نیز ان کے دروس بکثرت سماعت کیے اور استاذ و شاگرد نے صحیح بخاری کی ضخیم شروح لکھیں۔ شاگرد نے شرح لکھتے ہوئے استاذ کے اقوال و عبارات بکثرت نقل کیے[۶۲] مزید یہ کہ دونوں نے بہجۃ الاسرار کے الگ الگ اختصار تیار کیے اور جیسا کہ گزر چکا، ابن ملقن کے تیار کردہ اختصار کے قلمی نسخے محفوظ ہیں۔

- ابن حجر کے جلیل القدر شاگرد محدث و مفسر، مورخ کبیر علامہ شمس الدین سخاوی رحمۃ اللہ علیہ، جن کا تعارف گزر چکا، انہوں نے استاذ کے احوال پر مستقل کتاب "الجواھر و الدرر فی ترجمۃ شیخ الاسلام ابن حجر" لکھی، جو تین جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ اس میں علامہ سخاوی نے بتایا کہ ابن ملقن کی طرح ابن حجر عسقلانی نے بھی بہجۃ الاسرار کو مختصر کیا[۶۳] یہاں علامہ سخاوی نے اختصار کا نام نہیں ذکر کیا۔
- آئندہ دور میں شیخ عبداللہ بن زین الدین بن احمد بصروی رحمۃ اللہ علیہ جو ۱۰۹۷ھ/۱۶۸۶ء کو عثمانی دار الخلافہ استنبول میں پیدا ہوئے اور ۱۱۷۱ھ/۱۷۵۷ء کو دمشق میں وفات پائی۔ ابن خلیل، فقیہ شافعی، فرضی، مدرس و مورخ، چند تصنیفات ہیں۔[۶۴]

انہوں نے علامہ سخاوی کی مذکورہ کتاب کو مختصر کر کے اضافات کیے، جس کا نسخہ بخط مصنف دار الکتب مصریہ قاہرہ میں بنام "جمان الدرر من ترجمۃ شیخ الاسلام ابن حجر" موجود ہے، سن کتابت و تالیف ۱۱۹۰ھ[۶۵] نیز ابن سعود یونی ورسٹی ریاض میں بھی ایک نسخہ ہے[۶۶] تاحال شائع نہیں ہوئی۔

ڈاکٹر شاکر نے جمان الدرر کے نسخہ بخط مصنف سے استفادہ کیا، پھر اطلاع دی کہ ابن حجر نے بہجۃ الاسرار کا جو اختصار تیار کیا، صاحب جمان الدرر نے اس کا نام "غبطۃ الناظر فی ترجمۃ الشیخ عبد القادر" بتایا ہے۔[۶۷]

○ امام عبدالرحمٰن بن ابی بکر سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ۸۴۹ھ/۱۴۴۵ء کو قاہرہ میں پیدا ہوئے اور ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء کو وہیں وفات پائی۔ جلال الدین، محدث، مفسر، فقیہ شافعی، مؤرخ، صوفی، کثیر التصانیف جن میں سے تفسیر جلالین عرب وعجم کے مدارس میں پڑھائی جاتی ہے، آپ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔[۶۸]

علامہ سیوطی کی سیکڑوں تصانیف میں ایک "الاحادیث الحسان فی فضل الطیلسان" جس کا دوسرا نام "الاخبار الحسان فی فضل الطیلسان" ہے، جو شائع نہیں ہوئی اور پانچ سے زائد قلمی نسخے مکتبہ شاہ عبدالعزیز مدینہ منورہ کے ذخیرہ شیخ الاسلام عارف حکمت، مکتبہ اوقاف عراق، پبلک لائبریری رباط، لیڈن یونی ورسٹی ہالینڈ اور دارالکتب ظاہریہ دمشق میں جس کی مائیکروفلم ریاض یونی ورسٹی میں محفوظ ہیں۔[۶۹]

ڈاکٹر شاکر نے جمان الدرر کے حوالہ سے بتایا کہ علامہ سیوطی نے اس کی تالیف کے دوران "غبطة الناظر فی ترجمة الشیخ عبد القادر" سے اخذ کیا۔[۷۰]

○ تیونس کے شیخ سید محمد امین گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر گزشتہ صفحات پر آ چکا، انہوں نے ۱۲۷۲ھ/۱۸۵۶ء کو کتاب "المواهب الجليلة شرح حزب الوسيلة" تالیف کی، جو "السفينة القادرية" نامی مجموعہ میں مطبوع ہے، اس میں غبطة الناظر کا ذکر ابن حجر عسقلانی کی تالیف کے طور پر کیا۔[۷۱]

○ تیونس کے ہی شیخ سید محمد مکی مزوز رحمۃ اللہ علیہ نے "السيف الرباني" کی تالیف میں غبطة الناظر سے اخذ کیا اور اسے ابن حجر کی تالیف بتایا۔[۷۲]

○ ڈاکٹر شاکر محمود عبدالمنعم نے ابن حجر کے احوال و آثار پر بغداد یونی ورسٹی سے پی ایچ ڈی کی، ان کا مقالہ "ابن حجر العسقلاني، مصنفاته و دراسة في منهجه وموارده في كتابه الاصابة" نام سے دو جلد کے ۸۴۰ صفحات پر شائع ہوا، انہوں نے ابن حجر کی تصنیفات کے تعارف پر ایک باب مختص کیا، جس میں چھوٹی بڑی ۲۸۲ تصانیف بارے بنیادی معلومات پیش کیں[۷۳] پھر الگ باب قائم کر کے مزید ۳۸ کتب کے کوائف پیش کیے جو علامہ ابن حجر سے غلط طور پر منسوب کر دی گئی ہیں۔[۷۴]

ڈاکٹر شاکر نے غبطة الناظر کا تعارف اول الذکر باب میں دیا اور اسے ابن حجر

عسقلانی کی تالیف ہونے بارے میں معلومات پیش کیں۔[۷۵]

○ ادھر معترض طبقہ کے ہی ایک فرد، سعودی عرب کے ڈاکٹر سعید بن مسفر قحطانی نے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی ﷫ پر ۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء کو ام القریٰ یونیورسٹی مکہ مکرمہ سے پی ایچ ڈی کی، جس میں "غبطة الناظر في ترجمة الشيخ عبد القادر" کی جدید اشاعت کا ذکر کرتے ہوئے اس کے ابن حجر عسقلانی کی تصنیف ہونے کا رد وانکار نہیں کیا[۷۶] جب کہ ان کے مقالہ کی بنیادی انکار و نفی ہے۔

○ غبطة الناظر کے اردو مترجم، علامہ رسول بخش سعیدی ﷫ نے اپنی رائے ان الفاظ میں دی:

"تحقیق کرنے سے یقین ہو گیا کہ مصنف ابن حجر عسقلانی ہی ہیں"۔۔۔[۷۷]

○ غبطة الناظر کا پانچواں باب، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی ﷫ کے فضائل بارے اکابرین کے تاثرات کے لیے مختص ہے۔ اس باب میں علامہ ابن حجر عسقلانی نے اضافہ کیا اور شیخ نورالدین عطوفی کی وفات سے اپنے زمانہ تک یعنی آٹھویں صدی ہجری کے اکابر مصنفین کے تاثرات بھی شامل کیے[۷۸] لیکن بنیادی طور پر یہ بهجة الأسرار کی تلخیص ہے، لہٰذا اس میں علامہ ابن حجر عسقلانی کا انداز تحریر و اسلوب تلاش کرنا درست نہ ہوگا۔

ابن حجر متعدد اسلامی علوم میں مہارت کے ساتھ شعر و ادب کے بھی شناور تھے اور ادب و لغت پر ان کی متعدد تصنیفات نیز تین شعری مجموعے ہیں[۷۹] جب کہ بهجة الأسرار کے مصنف کا شعر و ادب سے تعلق کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ لیکن دیگر پہلو، کتاب کا نام اور ترتیب میں، غبطة الناظر میں ابن حجر عسقلانی کا انداز نمایاں ہے۔

جیسا کہ ابن حجر کے ایک اور اہم استاذ شیخ محمد بن یعقوب فیروز آبادی ﷫ جو ۷۲۹ھ/۱۳۲۹ء کو علاقہ شیراز کے مقام کازرین میں پیدا ہوئے اور یمن کے علمی و روحانی شہر زبید میں ۸۱۷ھ/۱۴۱۵ء کو وفات پائی۔ ابوطاہر مجدالدین، محدث، مفسر، ادب و لغت کے امام، کثیر التصانیف، صاحب القاموس المحيط[۸۰] جن سے ابن حجر عسقلانی نے ان کی اپنی نیز دیگر مصنفین کی بعض کتب پڑھ کر روایت کی اجازت پائی[۸۱] ان شیخ مجدالدین شیرازی فیروز آبادی نے بھی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی ﷫ کے احوال پر مستقل کتاب لکھی، جس کا نام "روضة الناظر في ترجمة الشيخ عبد القادر" [۸۲] اور قلمی نسخہ پبلک لائبریری برلن جرمنی میں ہے[۸۳] اور

جیسا کہ ابن حجر کی "غبطة الناظر فی ترجمة الشیخ عبد القادر" سے بخوبی جھلک رہا ہے کہ انہوں نے یہ نام استاذ کی کتاب کے نام سے اخذ کیا۔

علاوہ ازیں ابن حجر نے فقیہ اعظم مصر و مصنف حضرت ابوالحارث لیث بن سعد رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۱۷۵ھ/۷۹۱ء) کے احوال [۸۴] پر کتاب "الرحمة الغيثية بالترجمة الليثية" لکھی، جو ہندوستان، قاہرہ اور بیروت سے شائع ہوئی [۸۵] جس کے مقدمہ میں علامہ ابن حجر عسقلانی نے بتایا کہ یہ کتاب میں نے جنت کے دروازوں کی تعداد کے اعتبار سے آٹھ ابواب میں مرتب کی ہے۔ [۸۶]

الرحمة الغيثية کی طرح غبطة الناظر بھی آٹھ ابواب میں منقسم ہے اور دونوں کے مقدمہ میں مصنف نے خود بتایا کہ یہ جنت کے دروازوں کی تعداد کی مناسبت سے ہیں۔

○ غبطة الناظر کا امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کی ہی تالیف ہونے پر مندرجہ بالا خارجی و داخلی شہادتیں ہونے کے علاوہ حضرت شیخ سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے ان کے لگاؤ و تعلق کا ایک اور اہم ثبوت بھی ان کی تحریر کی شکل میں محفوظ ہے:

شیخ ابو الخیر شہاب الدین احمد بن سعید صلاح الدین خلیل کیکلدی علائی شافعی دمشقی ثم مقدسی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۸۰۲ھ/۱۳۹۹ء) سے علامہ ابن حجر نے متعدد اسلامی علوم و کتب کے علاوہ صوفیہ کے سلسلۂ قادریہ میں اجازت پائی، جس کا ذکر خود "انباء الغمر بابناء العمر" نامی کتاب میں کیا، جو مطبوع ہے۔ اور اپنی دوسری تالیف "المجمع المؤسس للمعجم المفهرس" میں ابن حجر عسقلانی نے اپنا قادری شجرۂ طریقت درج کیا، جو حسب ذیل ہے:

علامہ احمد بن علی ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۸۵۲ھ)

عن شیخ احمد بن خلیل کیکلدی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۸۰۲ھ)

عن شیخ ابو المحاسن جمال الدین یوسف بن محمد معدنی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۷۴۵ھ)

عن شیخ شمس الدین محمد بن ابراہیم مقدسی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۶۷۶ھ)

عن صاحب المغنی شیخ موفق الدین عبد اللہ بن احمد ابن قدامہ حنبلی مقدسی ثم دمشقی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۶۲۰ھ)

عن شیخ سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۵۶۱ھ)

عن شیخ ابی سعد مبارک بن علی بغدادی مخرمی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۵۱۳ھ)

عن ابی الحسن علی بن احمد ہکاری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴۸۶ھ)
عن شیخ ابی الفتح طرسوی رحمۃ اللہ علیہ
عن شیخ ابو الفضل عبد الواحد بن عبد العزیز تمیمی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴۱۰ھ)
عن ابیہ شیخ عبد العزیز بن حارث تمیمی رحمۃ اللہ علیہ
عن شیخ ابو بکر شبلی مالکی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۳۳۴ھ)
عن شیخ ابو القاسم جنید بن محمد بغدادی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۲۹۸ھ)
عن شیخ ابو الحسن سری سقطی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۲۵۳ھ)
عن شیخ ابو محفوظ معروف بن فیروز کرخی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۲۰۰ھ)
عن شیخ ابو سلیمان داؤد بن نصیر طائی کوفی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۱۶۲ھ)
عن شیخ حبیب بن شہید بصری عجمی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۱۳۵ھ)
عن شیخ حسن بن یسار بصری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۱۱۰ھ)
عن حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ (وفات ۴۰ھ) [۸۷]

گویا امیر المومنین فی الحدیث ابن حجر عسقلانی نے امام الصوفیہ شیخ سید عبد القادر جیلانی کے احوال پر نہ صرف کتاب غبطة الناظر تالیف و مرتب کی، بلکہ آپ سے جاری صوفیہ کے سلسلہ قادریہ میں مجاز بھی تھے۔

امام ابن حجر عسقلانی اور عقائد صوفیہ

اور صوفیہ کرام کے عقائد و معمولات سے امام ابن حجر کے گہرے تعلق کے مزید ثبوت بھی خود انہی کی تحریر و عمل سے دست یاب ہیں۔ اس کے لیے ان کی دو اہم تصنیفات المجمع المؤسس للمعجم المفهرس[۸۸] اور المعجم المفهرس[۸۹] دیکھ لینا کافی ہوگا، جن سے چند نمونے یہاں ملاحظہ ہوں:

- مقام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیان پر قاضی ابو الفضل عیاض موسیٰ یحصبی سبتی مالکی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۵۴۴ھ/۱۱۴۹ء) کی کتاب "الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" صوفیہ کرام و سواد اعظم کے ہاں مقبول ہے۔ امام ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کتاب متعدد مشائخ سے پڑھنے کا ذکر اور پھر ان کے طرق پر اس کی اسناد کا اندراج کیا۔[۹۰]

- جشن میلاد النبی ﷺ کے تناظر میں لکھی گئی شیخ ابو القاسم محمد احمد بن محمد عزفی سبتی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۶۷۷ھ/۱۲۷۹ء) کی کتاب "الدر المنظم فی المولد المعظم" سے متصل اپنی سند درج کی۔[۹۱]
- امام ابو عبد اللہ شرف الدین محمد سعید صنہاجی بوصیری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۶۹۴ھ/۱۲۹۴ء) کا نعتیہ قصیدہ "الکواکب الدریۃ فی مدح خیر البریۃ" المعروف بہ قصیدہ بردہ اہل سنت وصوفیہ کی محافل کی جان ہے۔ امام ابن حجر عسقلانی نے قصیدہ بردہ متعدد مشائخ سے پڑھا اور اس کی اسناد شامل کتاب کیں۔[۹۲]
- روضہ اقدس ﷺ کی زیارت کے ارادہ ونیت سے مدینہ منورہ کا سفر کرنے کے اثبات اور منکرین کے تعاقب میں لکھی گئی شہرہ آفاق کتاب، امام ابو الحسن تقی الدین علی بن عبد الکافی سبکی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۷۵۶ھ/۱۳۵۵ء) کی "شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام" سے متصل اپنی سند درج کی۔[۹۳]
- ابو الانبیاء سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا مزار، القدس الشریف سے تقریباً پچاس کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع گاؤں الخلیل میں ہے۔ ان کی زیارت بارے لکھی گئی کتاب شیخ ابو القاسم علی بن عبد السلام شہید انصاری مقدسی رملی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴۹۲ھ/۱۰۹۹ء) کی "فضل زیارۃ الخلیل" سے متعلق اپنی سند بیان کی۔[۹۴]
- امام ابن حجر عسقلانی نے تصوف کی بنیادی کتب بارے اپنی اسناد کے بیان واندراج کا خاص اہتمام کیا[۹۵] اور امام ابو عبد اللہ حارث بن اسد محاسبی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۲۴۳ھ/۸۵۷ء) کی "الرعایۃ لحقوق اللہ"[۹۶] شیخ ابو نصر سراج عبد اللہ بن علی طوسی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۳۷۸ھ/۹۸۸ء) کی "اللمع"[۹۷] شیخ ابو طالب محمد بن علی حارثی مکی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۳۸۶ھ/۹۹۶ء) کی "قوت القلوب فی معاملۃ المحبوب و وصف طریق المرید الی مقام التوحید"[۹۸] شیخ ابو القاسم زین الاسلام عبد الکریم بن ہوازن قشیری نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴۶۵ھ/۱۰۷۳ء) کی "الرسالۃ القشیریۃ"[۹۹] شیخ ابو حامد زین الدین حجۃ الاسلام محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۵۰۵ھ/۱۱۱۱ء) کی "احیاء علوم الدین"[۱۰۰] شیخ ابو الفضل محمد بن طاہر مقدسی ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۵۰۷ھ/۱۱۱۳ء) کی "صفوۃ

التصوف" [۱۰۱] شیخ ابوحفص شہاب الدین عمر بن محمد قریشی سہروردی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۶۳۲ھ/ ۱۲۳۴ء) کی "عوارف المعارف" [۱۰۲] وغیرہ سے متصل اپنی اسناد روایت درج کیں۔

علاوہ ازیں "المغنی عن حمل الاسفار فی تخریج ما فی الاحیاء من الاخبار" خود مصنف شیخ ابوالفضل زین الدین عبدالرحیم بن حسین عراقی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۸۰۶ھ/ ۱۴۰۴ء) سے کچھ حصہ پڑھ کر روایت کی اجازت پائی۔ [۱۰۳]

- اور اولیاء کرام وصوفیہ عظام کے احوال پر شیخ ابوعبدالرحمٰن محمد بن حسین سلمی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴۱۲ھ/ ۱۰۲۱ء) کی "الاربعون الصوفية" [۱۰۴] نیز "طبقات الصوفية" [۱۰۵] کے علاوہ شیخ ابوالقاسم ھبۃ اللہ بن حسن لالکائی رازی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴۱۸ھ/ ۱۰۲۷ء) کی "کرامات الاولیاء" [۱۰۶] نیز شیخ ابومحمد حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴۳۹ھ/ ۱۰۴۷ء) کی "کرامات الاولیاء" [۱۰۷] اور شیخ ابوحفص شھاب الدین عمر بن محمد قریشی سہروردی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۶۳۲ھ/ ۱۲۳۴ء) کی "مشیخة" [۱۰۸] بارے اپنی اسناد روایت بیان کیں۔
- شیخ ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴۳۰ھ/ ۱۰۳۸ء) کی "حلية الاولياء" متعدد مشائخ سے پڑھی، پھر اس کی اسناد درج کیں۔ [۱۰۹]
- اور آپ کے استاذ شیخ ابوالحسن نورالدین علی بن ابی بکر ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۸۰۷ھ/ ۱۴۰۵ء) کے ہاں "تقريب البغية فی ترتيب احاديث الحلية" زیر تالیف تھی کہ وفات پائی۔ جس پر شاگرد علامہ ابن حجر عسقلانی نے آخری چوتھائی حصہ لکھ کر اسے مکمل کیا۔ [۱۱۰]
- علامہ ابن حجر عسقلانی کے وطن قاہرہ میں ایک مقام پر آثار و تبرکات رسول ﷺ محفوظ کیے گئے تھے، جنھیں ایک وزیر نے خرید کر ایک خاص عمارت تعمیر کرائی اور انھیں رکھا، اس کا نام "رباط الآثار النبوية" تھا۔ علامہ ابن حجر کے دور میں شیخ صدرالدین محمد بن سقطی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۸۰۸ھ/ ۱۴۰۶ء) اس کے نگران و متولی تھے۔ امام ابن حجر نے ۸۰۶ھ کو ان سے روایت کی اجازت پائی۔ [۱۱۱]
- شیخ راشد بن عبداللہ مکروری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۷۹۶ھ/ ۱۳۹۳ء) کے بارے میں اہل مصر کا اعتقاد تھا کہ مجاذیب میں سے ہیں۔ علامہ ابن حجر عسقلانی ان کی خدمت میں حاضر ہوئے، پھر ان کا ذکر اپنے مشائخ میں کیا۔ [۱۱۲]

- ○ شیخ ابوبکر بن عبداللہ بجائی مغربی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۷۹۷ھ/۱۳۹۵ء) ہجرت کر کے قاہرہ آئے اور جامعہ ازہر کے نزدیک مقیم ہوئے۔ آپ حالت جذب میں تھے، اہل مصر ان کی کرامات و مکاشفات بیان کرتے، علامہ ابن حجر ایک بار ان کی خدمت میں پہنچے پھر اپنے شیوخ میں ذکر کیا۔[۱۱۳]
- ○ صاحب "حیاۃ الحیوان" شیخ ابو البقاء کمال الدین محمد بن موسیٰ دمیری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۸۰۸ھ/۱۴۰۵ء) سے ابن حجر فیض یاب ہوئے، پھر لکھا کہ آپ صاحب کرامات اور غیبی امور پر مطلع کرنے میں مشہور تھے۔[۱۱۴]

غبطۃ الناظر کی اشاعت

خدا بخش لائبریری بانکی پور پٹنہ میں ایک، شاہی کتب خانہ رباط مراکش میں اس کے دو قلمی نسخے محفوظ، ادھر تیونس کے مکتبہ احمدیہ میں اختصار کا قلمی نسخہ، جس پر مختصر کرنے والے کا نام درج نہیں اور اس کی مائیکروفلم معهد المخطوطات العربية قاہرہ میں ہیں۔[۱۱۵]

پروفیسر ایڈورڈ ڈینسن راس نے نسخہ خدا بخش لائبریری پر تصحیح انجام دے کر پہلی بار ۱۳۲۱ھ/۱۹۰۳ء کو کلکتہ سے ۵۶ صفحات پر طبع کرائی[۱۱۶] اس اشاعت کا عکس ان دنوں کمپیوٹر انٹرنیٹ کی مذکورہ ذیل ویب سائٹ پر موجود ہے۔[۱۱۷]

اگلے مرحلہ میں ایک عرب محقق شیخ محمد سالم بواب نے کلکتہ اشاعت کی جدید کتابت کرائی اور اسے شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ بارے نظم و نثر پر مشتمل تحریروں کے مجموعہ بنام "السفينة القادرية" کے ضمن میں ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۱ء کو دار الالباب دمشق و بیروت سے شائع کرایا۔ غبطة الناظر اس مجموعہ کی جلد ۱، صفحہ ۹ تا ۳۶ پر مشتمل ہے۔

اب السفينة القادرية کی مذکورہ جلد پر دوسرے عرب محقق عبدالجلیل عبدالسلام نے تحقیق انجام دی اور اسے دار الكتب العلمية بیروت نے ۱۴۲۳ھ/۲۰۰۲ء کو ۴۵۶ صفحات پر شائع کیا، غبطة الناظر اس میں بھی مطبوع ہے۔

غبطۃ الناظر کا اردو ترجمہ

پروفیسر ڈاکٹر عبدالحکیم مراد ازہری ﷾ ۱۳۸۰ھ/۱۹۶۰ء کو برطانیہ کے شہر ویسٹ منسٹر کے غیر مسلم گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ اسلام قبول کیا اور کیمبرج یونی ورسٹی انگلینڈ سے عربی لغت میں ایم فل کیا، پھر ۱۹۸۳ء سے ۱۹۸۹ء تک جامعہ ازہر قاہرہ میں تعلیم پائی اور آکسفورڈ یونی ورسٹی سے

1 پی ایچ ڈی کی۔ پھر کیمبرج یونی ورسٹی میں پروفیسر ہوئے۔ متعدد تصنیفات میں کتب امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے انگریزی تراجم شامل ہیں۔[۱۱۸]

غبطة الناظر کی کلکتہ اشاعت جب ڈاکٹر عبدالحکیم مراد کی نظر میں آئی تو انہوں نے اپنے دوست علامہ رسول بخش سعیدی ﷾ کو اس کے اردو ترجمہ کی تحریک دی۔[۱۱۹]

علامہ رسول بخش سعیدی، برطانیہ کے شہر برمنگھم میں واقع جامعہ اسلامیہ سلطان باہو ٹرسٹ کے پرنسپل ہیں، چناں چہ انہوں نے ڈاکٹر عبدالحکیم مراد کی خواہش پوری کرتے ہوئے ۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۷ء کو اردو ترجمہ کیا، پھر چار صفحات کا پیش لفظ لکھا، نیز صفا اکیڈیمی لاہور کے ڈائریکٹر علامہ عمر حیات قادری ﷾ نے نو صفحات کا مقدمہ لکھا۔ اور یہ ترجمہ صفا اکیڈیمی نے ''شانِ غوثِ اعظم'' نام سے ۵۳ صفحات پر شائع کیا۔

خلاصہ

غبطة الناظر بارے جو حقائق گزشتہ صفحات پر پیش کیے گئے، ان کا خلاصہ یہ ہے:

امام ابن حجر عسقلانی نے صوفیہ کے سلسلہ قادریہ میں اجازت پائی، جس کا ذکر خود انباء الغمر میں کیا۔ اور اپنی دوسری تصنیف ''المجمع المؤسس'' میں قادری شجرہ طریقت درج کیا۔ علاوہ ازیں سلسلہ کے سرتاج شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی حسنی رحمۃ اللہ علیہ کے احوال پر لکھی گئی قدیم ترین کتاب علامہ شطنوفی کی ''بهجة الاسرار'' کا اختصار تیار کیا، جیسا کہ ابن حجر کے شاگرد علامہ سخاوی نے ''الجواهر و الدرر'' میں بتایا۔ اور علامہ عبداللہ بصری نے ''جمان الدرر'' میں اس اختصار کا نام ''غبطة الناظر فی ترجمة الشيخ عبد القادر'' لکھا۔ جب کہ علامہ جلال الدین سیوطی نے ''الاعیان الحسان فی فضل الطیلسان'' میں غبطة الناظر سے اخذ کیا۔ اب علامہ ابن حجر عسقلانی کے احوال و آثار پر پی ایچ ڈی کرنے والے ڈاکٹر شاکر محمود عبدالمنعم نے غبطة الناظر کو انہی کی تصنیفات میں شمار کیا۔

''غبطة الناظر فی ترجمة الشيخ عبد القادر'' کے قلمی نسخے پٹنہ، رباط، تیونس اور قاہرہ میں ہیں۔ اور یہ کلکتہ و بیروت و دمشق سے شائع ہوئی، نیز انٹرنیٹ پر دستیاب ہے، اور اردو ترجمہ لاہور سے چھپا۔

حوالہ جات وحواشی

۱ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی حسنی کے مختصر حالات اور مزار بارے تازہ معلومات کے لیے دیکھیں:
سفرِ محبت، صفحہ ۵۲ تا ۶۵، ۱۱۵ تا ۱۱۹، ۲۶۱ تا ۲۶۶

۲ سعودی جامعات کے پروفیسر ڈاکٹر عبداللہ بن محمد طریقی نے ''معجم مصنفات الحنابلة'' میں حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کی انیس تصنیفات بارے معلومات پیش کی ہیں۔ جلد ۲، صفحہ ۲۳۸ تا ۲۴۳

۳ طرابلس لبنان کے ڈاکٹر محمد احمد درنیقہ کی کتاب ''الشیخ عبد القادر الجیلانی و اعلام القادریة'' میں اسلامی دنیا کے ۱۳۶ اکابرین قادریہ کے مختصر حالات وخدمات دیے گئے ہیں۔ کل صفحات ۳۵۱ ہیں۔

۴ معجم العلماء و المشاهير، صفحہ ۵۸۹ تا ۵۹۳

۵ شیخ عبداللطیف ہاشمی کے حالات: الشیخ عبد القادر الجیلانی و اعلام القادریة، صفحہ ۲۲۹/ معجم المؤلفین، جلد ۲، صفحہ ۲۱۳ تا ۲۱۴/ معجم العلماء و المشاهیر، صفحہ ۵۹۳

۶ شیخ قطب الدین موسیٰ یونینی کے حالات: الاعلام، جلد ۷، صفحہ ۳۲۸/ الدرر الکامنة، جلد ۴، صفحہ ۳۸۲/ الذیل علی طبقات الحنابلة، جلد ۴، صفحہ ۳۶۴ تا ۳۶۶/ ۴/ معجم مصنفات الحنابلة، جلد ۳، صفحہ ۳۵۶ تا ۳۵۸/ المنهج الاحمد، جلد ۵، صفحہ ۱۷ تا ۱۸

۷ فهرس دار الکتب المصرية، جلد ۸، صفحہ ۲۵۳

۸ شیخ نور الدین شطنوفی کے حالات: الاعلام، جلد۵، صفحہ۳۳۲/ الدرر الکامنۃ، جلد۳، صفحہ۱۳۱تا۱۳۲/ الشیخ عبد القادر الجیلانی و اعلام القادریۃ، صفحہ۳۳۴تا۳۳۵/ فتاوی رضویہ، جلد۳، صفحہ۵۲۲تا۵۲۳، ۵۲۶، جلد۱۲، صفحہ۱۰۵، ۲۳۲تا۲۳۶/ معجم المولفین، جلد۲، صفحہ۵۳۹/ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد۱، صفحہ۱۱۲۶تا۱۱۲۷، جلد۲، صفحہ۱۵۸۲

۹ الفہرس المختصر، جلد۳، صفحہ۱۰۹۵

۱۰ معجم المولفین، جلد۲، صفحہ۳۲۹

۱۱ الاعلام، جلد۳، صفحہ۳۰۴/ العقد الثمین، جلد۶، صفحہ۱۷۹تا۱۸۰/ معجم المولفین، جلد۲، صفحہ۳۶۶

۱۲ تاج الاعراس، جلد۱، صفحہ۲۶۹، ۴۸۳

۱۳ الاعلام، جلد۲، صفحہ۳۰۴، جلد۵، صفحہ۳۳

۱۴ شیخ کمال الدین ادفوی کے حالات: الاعلام، جلد۲، صفحہ۱۳۲تا۱۳۳/ الدرر الکامنۃ، جلد۱، صفحہ۵۳۵تا۵۳۷/ معجم المولفین، جلد۱، صفحہ۴۸۹/ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد۱، صفحہ۳۱۶تا۳۱۷

۱۵ الدرر الکامنۃ، جلد۳، صفحہ۱۳۱تا۱۳۲

۱۶ شیخ عمر ابن الوردی کے حالات: الاعلام، جلد۵، صفحہ۶۷/ الدرر الکامنۃ، جلد۳، صفحہ۱۹۵تا۱۹۷/ معجم المولفین، جلد۲، صفحہ۵۸۰/ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد۱، صفحہ۲۸۴تا۲۸۵

۱۷ السیف الربانی، صفحہ۹۷

۱۸ شیخ ابن کثیر کے حالات: الاعلام، جلد۱، صفحہ۳۲۰/ الدرر الکامنۃ، جلد۱، صفحہ۳۷۳تا۳۷۴/ معجم المولفین، جلد۱، صفحہ۳۷۳/ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد۱، صفحہ۲۲۵تا۲۲۶

۱۹ معجم مصنفات الحنابلۃ، جلد۴، صفحہ۲۳۹

۲۰ شیخ ابن رجب حنبلی کے حالات: الاعلام، جلد۳، صفحہ۲۹۵/ الدرر الکامنۃ، جلد۲، صفحہ۳۲۱تا۳۲۲/ معجم المولفین، جلد۲، صفحہ۵۶تا۵۷/ معجم مصنفات الحنابلۃ،

جلد۴، صفحہ۳۱۵تا۳۲۷/ معجم المطبوعات العربیة و المعربة، جلد۱، صفحہ۱۰۷/ المنهج الاحمد، جلد۵، صفحہ۱۶۸تا۱۷۱

۴۱ الذیل علی طبقات الحنابلة، جلد۲، صفحہ۱۸۷تا۲۱۲

۴۲ الشیخ عبد القادر و آراؤه الاعتقادیة و الصوفیة، صفحہ۵۷۷

۴۳ الذیل علی طبقات الحنابلة، حاشیہ محقق، جلد۲، صفحہ۱۹۳تا۱۹۵

۴۴ شیخ ابن ملقن کے حالات: الاعلام، جلد۵، صفحہ۵۷/ الشیخ عبد القادر الجیلانی و اعلام القادریة، صفحہ۲۲۷تا۲۲۸/ معجم المؤلفین، جلد۲، صفحہ۵۲۶تا۵۲۷/ معجم المطبوعات العربیة و المعربة، جلد۱، صفحہ۲۵۴

۴۵ شیخ ابن ملقن کی "طبقات الاولیاء" دوسری بار۱۹۸۶ء کو شائع ہوئی، یہ ۶۲۶ صفحات پر مشتمل اور ۲۳۰ اولیاء اللہ کا تذکرہ ہے۔

۴۶ طبقات الاولیاء، صفحہ۲۴۶تا۲۴۷

۴۷ شیخ سخاوی کے حالات: الاعلام، جلد۶، صفحہ۱۹۴تا۱۹۵/ معجم المؤلفین، جلد۳، صفحہ۳۹۹تا۴۰۰/ معجم المطبوعات العربیة و المعربة، جلد۱، صفحہ۱۰۱۲تا۱۰۱۳

۴۸ الجواهر و الدرر، جلد۳، صفحہ۱۲۷

۴۹ التوضیح لشرح الجامع الصحیح، جلد۱، صفحہ۳۱۱تا۳۱۲/ طبقات الاولیاء، صفحہ۵۶تا۵۷/ معجم العلماء و المشاهیر، صفحہ۵۹

۵۰ شیخ القراء ابن جزری کے حالات: الاعلام، جلد۷، صفحہ۴۵تا۴۶/ مرآة التصانیف، جلد۱، صفحہ۱۲۶،۳۲/ معجم المؤلفین، جلد۳، صفحہ۶۸۷تا۶۸۸/ معجم المطبوعات العربیة و المعربة، جلد۱، صفحہ۶۲تا۶۳

۵۱ فتاویٰ رضویہ، جلد۳، صفحہ۵۴۳

۵۲ فتاویٰ رضویہ، جلد۱۲، صفحہ۴۴۳

۵۳ شیخ مجیر الدین علیمی کے حالات: الاعلام، جلد۳، صفحہ۳۳۱/ السحب الوابلة، صفحہ۲۱۲تا۲۱۳/ معجم المؤلفین، جلد۲، صفحہ۱۱۲/ معجم مصنفات الحنابلة، جلد۵، صفحہ۱۳۳تا۱۳۸/ معجم المطبوعات العربیة و المعربة، جلد۱، صفحہ۳۵۸

۳۴ المنهج الاحمد، جلد۳، صفحہ۴۱۵ تا۴۲۶

۳۵ المنهج الاحمد، جلد۳، صفحہ۴۲۰

۳۶ شیخ عمر رضی کے حالات: الاعلام، جلد۵، صفحہ۵۳/ خلاصة الاثر، جلد۳، صفحہ۲۰۶ تا۲۰۹/ الشیخ عبد القادر الجیلانی و اعلام القادریة، صفحہ۲۳۶ تا۲۴۷/ معجم المؤلفین، جلد۴، صفحہ۵۶۵

۳۷ فتاویٰ رضویہ، جلد۱۲، صفحہ۲۳۳ تا۲۳۵

۳۸ شیخ محمد امین گیلانی کے حالات: تراجم المؤلفین التونسیین، جلد۴، صفحہ۱۸۸ تا۱۹۱/ الشیخ عبد القادر الجیلانی و اعلام القادریة، صفحہ۲۷۰/ معجم المؤلفین، جلد۳، صفحہ۱۲۰/ معجم المطبوعات العربیة و المعربة، جلد۲، صفحہ۱۵۸۴

۳۹ شیخ مکی عزوز کے حالات: الاعلام، جلد۷، صفحہ۱۰۹ تا۱۱۰/ تراجم المؤلفین التونسیین، جلد۳، صفحہ۳۸۴ تا۳۹۰/ معجم المؤلفین، جلد۳، صفحہ۹۰۹،۳۳۷/ معجم المطبوعات العربیة و المعربة، جلد۲، صفحہ۱۷۸۷ تا۱۷۸۸

۴۰ السیف الربانی، صفحہ۹۸ تا۱۰۰

۴۱ شیخ احمد خوجہ کے حالات: الاعلام، جلد۱، صفحہ۲۳۸/ تراجم المؤلفین التونسیین، جلد۲، صفحہ۲۴۴ تا۲۴۷/ معجم المؤلفین، جلد۱، صفحہ۲۶۳

۴۲ شیخ الازہر محمد خضر نے جو کتب تصنیف کیں، مضامین ومقالات لکھے، نیز ان کے انٹرویو اور شخصیت پر دیگر اہل قلم کی تحریریں، یہ سارا مواد ان کے بھتیجا سید علی رضا بن زین العابدین دمشقی (پیدائش ۱۳۵۱ھ/۱۹۳۲ء) نے جمع و مرتب کیا۔ جو "موسوعة الاعمال الکاملة للامام محمد الخضر حسین" نام سے ۱۴۳۱ھ/۲۰۱۰ء کو دار النوادر دمشق نے یک جا پندرہ جلد کے آٹھ ہزار صفحات پر شائع کیا۔ نیز/ الاعلام، جلد۶، صفحہ۱۱۳ تا۱۱۴/ تراجم المؤلفین التونسیین، جلد۲، صفحہ۱۲۶ تا۱۳۵/ معجم المؤلفین، جلد۳، صفحہ۲۷۳ تا۲۷۴/ معجم المطبوعات العربیة و المعربة، جلد۲، صفحہ۱۶۵۴

۴۳ شیخ عبد الحق محدث دہلوی کے حالات پر پروفیسر خلیق احمد نظامی کی کتاب "حیات شیخ عبد الحق محدث دہلوی" لاہور سے شائع ہوئی۔ نیز/ الاعلام، جلد۳، صفحہ۲۸۰ تا۲۸۱/ الشیخ

عبدالقادر الجیلانی و اعلام القادریۃ، صفحہ ۱۹۴/ معجم المؤلفین، جلد۲، صفحہ ۵۸/ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد۱، صفحہ ۸۸۹

۴۴ فہرست نسخہ ہائی خطی کتاب خانہ گنج بخش، جلد۲، صفحہ ۲۱۳۴ تا ۲۱۳۵

۴۵ مرآۃ التصانیف، جلد۱، صفحہ ۲۳۵

۴۶ فتاویٰ رضویہ، جلد۱۲، صفحہ ۲۳۶

۴۷ فتاویٰ رضویہ، جلد۱۲، صفحہ ۱۰۵

۴۸ مولانا احمد علی شاہ بٹالوی کے حالات: تذکرہ اکابر اہل سنت، صفحہ ۴۹ تا ۵۱/ تذکرہ علماء اہل سنت وجماعت لاہور، صفحہ ۲۵۸ تا ۲۶۶/ مرآۃ التصانیف، جلد۱، صفحہ ۲۳۵/ معجم المطبوعات العربیۃ فی شبہ القارۃ الهندیۃ الباکستانیۃ، صفحہ ۳۱۷

۴۹ علامہ اقبال احمد فاروقی کے حالات: تذکرہ علماء اہل سنت وجماعت لاہور، صفحہ ۳۴۳ تا ۳۴۹/ مرآۃ التصانیف، جلد۱، صفحہ ۲۳۵، ۲۹۲

۵۰ حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی، صفحہ ۲۰۰

۵۱ حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی، صفحہ ۱۹۹ تا ۲۰۰

۵۲ علامہ ابن حجر عسقلانی کے حالات: الاعلام، جلد۱، صفحہ ۱۷۸ تا ۱۷۹/ تذکرہ مصنفین درس نظامی، صفحہ ۲۷ تا ۳۰/ الدرر الکامنۃ، جلد۳، صفحہ ۴۹۲ تا ۵۰۳/ معجم المؤلفین، جلد۱، صفحہ ۲۱۰ تا ۲۱۱/ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد۱، صفحہ ۷۷ تا ۸۱

۵۳ چند روز مصر میں، صفحہ ۹۹ تا ۱۰۰

۵۴ علامہ ابن حجر مکی کے حالات: الاعلام، جلد۱، صفحہ ۲۳۴/ معجم المؤلفین، جلد۱، صفحہ ۲۹۳ تا ۲۹۴/ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد۱، صفحہ ۸۱ تا ۸۴

۵۵ الدرر الکامنۃ، جلد۳، صفحہ ۱۳۱ تا ۱۳۲

۵۶ الذیل علی طبقات الحنابلۃ، حاشیہ از محقق، جلد۲، صفحہ ۱۹۴ تا ۱۹۵

۵۷ یوسف سرکیس کے حالات: الاعلام، جلد۸، صفحہ ۲۱۹/ معجم المؤلفین، جلد۴، صفحہ ۱۳۶ تا ۱۳۷/ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد۱، صفحہ ۱۰۲۲ تا ۱۰۲۳

۵۸ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد۱، صفحہ ۸۰

۵۹ تذکرہ مصنفین درس نظامی، صفحہ ۳۰

۶۰ معجم المطبوعات العربیۃ فی شبہ القارۃ الهندیۃ الپاکستانیۃ، صفحہ ۱۴۳

۶۱ شانِ غوثِ اعظم، صفحہ ۱۷

۶۲ التوضیح لشرح الجامع الصحیح، جلد ۱، صفحہ ۲۴۹ تا ۲۵۰

۶۳ الجواهر و الدرر، جلد ۳، صفحہ ۱۲۷۰

۶۴ شیخ عبداللہ بصری کے حالات: الاعلام، جلد ۴، صفحہ ۸۸/ سلك الدرر، جلد ۳، صفحہ ۹۷ تا ۹۸/ معجم المؤلفین، جلد ۲، صفحہ ۳۲۳

۶۵ فهرس دار الکتب المصریۃ، جلد ۵، صفحہ ۱۵۱

۶۶ الفهرس الوصفی، جلد ۳، صفحہ ۳۶ تا ۳۸

۶۷ ابن حجر العسقلانی، جلد ۱، صفحہ ۲۳ تا ۲۴، ۳۳۰، جلد ۲، صفحہ ۳۱۴

۶۸ علامہ جلال الدین سیوطی کے حالات: الاعلام، جلد ۳، صفحہ ۳۰۱ تا ۳۰۲/ تذکرہ مصنفین درس نظامی، صفحہ ۱۲۹ تا ۱۳۳/ چند روز مصر میں، صفحہ ۱۸۵ تا ۱۹۰/ معجم المؤلفین، جلد ۲، صفحہ ۸۲ تا ۸۵/ معجم المطبوعات العربیۃ و المعربۃ، جلد ۱، صفحہ ۱۰۷۳ تا ۱۰۸۵

۶۹ دلیل مخطوطات السیوطی و اماکن و جودها، صفحہ ۴۷

۷۰ ابن حجر العسقلانی، جلد ۱، صفحہ ۳۳۰

